
© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرہ کتب



اکرام اللہ ساجد کیلانی

نام کتاب . . . . . . قدم قدم روشنی

مؤلف . . . . حکیم یعقوب اجملی ایڈیٹر ہفت روزہ عوامی ترجمان ، کراچی

ضخامت . . . . . . ۱۷۵ صفحات

ملنے کا پتہ . . . . . . مرکز تحقیقات اجملی ہاؤس ڈرگ کالونی کراچی ۲۵

آج امتِ مسلمہ طرح طرح کے مسائل سے دوچار ہے۔ ہر بات میں دوسروں کی نقالی اس کا شیوہ اور ہر معاملہ میں وہ غیروں کی دستِ نگر اور محتاج ہے۔ وہ کہ جنہوں نے پوری دنیا کو آدابِ جہانبانی سکھائے، اپنے گھر کے بیش قیمت خزانوں سے منہ موڑ کر اغیار کی جھولی کے ان خیراتی ٹکڑوں کی طرف للچائی ہوئی نگاہوں سے دیکھ رہے ہیں جو خود انہی کے دستر خوان سے چرائے گئے۔ وہ ہر نظامِ حیات اور ہر "ازم" کا تجربہ کرنے میں مصروف ہیں لیکن اگر کوئی چیز ان کے لئے ناقابلِ توجہ اور ناقابلِ التفات ہے تو وہ انکا اپنا نظامِ حیات ہے جو ان کے اپنے خدا نے ان کے اپنے رسولؐ کو دے کر مبعوث فرمایا، جس کو اپنا کر وہ پوری دنیا پر چھا گئے اور روئے زمین پر صدیوں تک اس ٹھاٹھ سے حکومت کی کہ جسکی مثال دنیا کی کوئی دوسری قوم آج تک نہ پیش کر سکی ہے نہ پیش کر سکے گی۔ آج دنیا جہان کی رسوائیاں ہمارا مقدر اس لئے بن چکی ہیں کہ ہم نے اس کتابِ الٰہی کو اپنے دل و نگاہ کا مرکز نہیں بنایا جس میں ہماری راہنمائی کے لئے وافر سامان موجود تھا اور جس نے، اپنے تو رہے ایک طرف، اغیار کو بھی اس حد تک متاثر کیا کہ اس سے یکسر محروم رہنا انہیں گوارا نہ ہوا اور اس کے بتائے ہوئے بیشتر اصول ان کا لازمۂ حیات بن کر رہ گئے ——— ہم نے اس روشنی سے آنکھیں بند کر لی ہیں جس کی ضیا پاشیوں سے صرف سرزمینِ عرب ہی نہیں پوری دنیا بقعۂ نور بن گئی تھی ——— اور ہم نے فاران کی چوٹیوں سے طلوع ہونے والے اس سراج منیر کے اسوۂ حسنہ کو فراموش کر دیا ہے جس نے اپنی جگمگاہٹوں سے کائنات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے ذرہ ذرہ کو منور کر دیا تھا ——— !

"قدم قدم روشنی" ایک ایسے مردِ مجاہد کی کاوش ہے جس کی آنکھیں گو بینائی سے محروم ہیں لیکن اس کا سینہ نورِ ایمانی سے منور ہے اور دل امتِ محمدیہ (علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) کے درد سے لبریز ——— اور جو یہ یقین کامل رکھتا ہے کہ ہمارا ہر قدم اگر سیرتِ طیبہ کی روشنی میں اٹھے تو منزل خود بخود ہمارے استقبال کو آئے گی ——— "قدم قدم روشنی" اسی آفتابِ جہانتاب کی سیرتِ مقدسہ کی ایک حسین تصویر ہے جس کی کرنوں سے کفر کے ایوان بھی جگمگا اٹھے تھے۔ (کتاب پر قیمت درج نہیں)

---

"پاکستان کا قانونِ جہیز"

ضخامت ۸۰ صفحات

مئی ۱۹۷۶ء میں قومی اسمبلی میں پاس ہونے والے جہیز بل سے متعلقہ یہ کتابچہ وزارتِ مذہبی امور حکومتِ پاکستان نے شائع کیا ہے جو جہیز بل کے پس منظر، جہیز ایکٹ (اردو متن)، قواعد جہیز، جہیز ایکٹ کی چند دفعات کی تشریح، ملکی اخبارات کے ردِ عمل اور اس سلسلہ میں ملک کی چند شخصیات کے تاثرات پر مشتمل ہے۔

خوبصورت ٹائیٹل، کتابت طباعت نہایت عمدہ۔

---

نام کتاب . . . اخلاقِ مرزا و اعمالِ مرزا

ضخامت . . . ۲۶۸ صفحات

مؤلف . . . مولانا حافظ نور محمد خان صاحب مبلغ و مناظر مظاہر علوم سہارنپور

شائع کردہ . . محمد مسلم بن برکت اللہ، ٹھٹھائی کمپاؤنڈ، بندر روڈ۔ کراچی

اندرونی دشمن بیرونی دشمنوں کی نسبت زیادہ خطرناک ثابت ہوتے ہیں۔ اور یہ امر کسی سے مخفی نہیں کہ قادیانی امت، مسلمانوں کی کسی طور بھی ہمدرد اور بہی خواہ نہیں لہٰذا ان کے عزائم اور اصلیت سے آگاہ ہونا ہر مسلمان کیلئے ضروری ہے۔

محمد مسلم بن برکت اللہ صاحب، اللہ انہیں جزائے خیر دے، اس سلسلہ میں کافی لٹریچر شائع کر کے مفت تقسیم کر چکے ہیں۔ یہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

"اخلاقِ مرزا و اعمالِ مرزا" میں، جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، قادیانی امت کے آنجہانی مرزا

© rasailojaraid.com